غبار حسرت گیا دل سے ہے آمد سید شامی
دلے کرتے ہیں اس باعث ہے آمد سید شامی
گل و بلبل کا جھگڑا ہے ہے آمد سید شامی
بفضل حق تعالیٰ ہے ہے آمد سید شامی
وہ دل بند رسول اللہ ہے آمد سید شامی
ہر شعر گل بہارے ہے ہے آمد سید شامی

وَهٰذِهِ الْقَصِيْدَةُ الْمُشَارُ اِلَيْهَا

یا میرے مرشدا سلام علیک
آپ عالی نسب ہیں والا حسب
آپ تشریف لائے ہیں شام سے
ہمکو سکھلا کے راہ ہدایت کے
رات دن آپ کے ہم صحبت سے
آپ جانے کے بعد اے مرشد
آپکا تھا قدم گویا شاہ دین
کس سے فریاد ہم کریں پیٹ سر
کس سے چاہیں مدد بجز آپکے
آپکے غم سے رو رو سارے مرید

یا میر راہ نما سلام علیک
قطب دور زماں سلام علیک
یا میرا کطحا سلام علیک
آپ جاتے چلا سلام علیک
پاتے تھے مدعا سلام علیک
ہو گئی بے آسرا سلام علیک
تھا وسیلہ بڑا سلام علیک
کون ہے آسرا سلام علیک
کون ہے آسرا سلام علیک
کیونکہ ہوتے وداع سلام علیک

Marfat.com

جبکہ دیکھیں گے خالی گھر آپکا
ہوگا شور بکا سلام علیک

سید شامی لقب بہاء الدین
مرشد الاتقیا سلام علیک

آپ کے تھی زباں پہ خلق مراد
پھر کہاں آپ سا سلام علیک

ہم مریدوں کے پانے حسب المراد
آپ کرنا دعا سلام علیک

جو کہ در پر گیا حصول مراد
پا گیا مدعا سلام علیک

ساتھ الفت کے سب کو دے تعلیم
آپ جاتے جا سلام علیک

آپ ہیں تھی صفت مسیحا کے
پاتے تھے کل شفا سلام علیک

وقت رخصت زمین پہ لوٹ تمام
خاک سر پر اوڑا سلام علیک

آج ہم سب کو چھوڑ ہونا وداع
بادشاہ دین کا سلام علیک

مرشد باندھے کمر بعزم سفر
کوئی دم باقی رہا سلام علیک

گھر سے نکلیں گا جب قدم آپ کا
ہوگا محشر بپا سلام علیک

ای فلک بے مہر ادے بد گہر
تیرا ہے افترا سلام علیک

اس کثیفہ کو خاک نعلین کی
تھوڑی کرنا عطا سلام علیک

ہیں کرونگی جو سرمہ آنکھوں کا
دل ہو روشن ہیرا سلام علیک

کیونکہ ہوں خادمہ مرید آپ کے
کرنا حل مدعا سلام علیک

یا خدا ہم پہ کر کے لطف و کرم
یہ قدم لا دکھا سلام علیک

میرے آقا کے میرے ماں باپ کے
کرنا حق میں دعا سلام علیک

شاعروں سے ہیں ہوتی ہوں صلح جو
کہیں ہووے خطا سلام علیک

خود براد م خطا سے نادم ہے
کیا میرا حوصلہ سلام علیک

یہ خطا میری معاف ہو مرشدا
آپ کی خاک پا سلام علیک

آمینہ کا بخیر ہو خاتمہ
ہے یہی التجا سلام علیک

شعر موزوں طبع مفہوم ہو
درد ہووے بہرا سلام علیک

آمینہ کا ہے یہ آخری سلام
کرتی ہے سر جھکا کا سلام علیک

58765

Marfat.com

وَهٰذِهِ الْقَصِيدَةُ الْمُشَارُ إِلَيْهَا

دل و جان محمد مصطفےٰ ہو سید شامی — جگر بند علی و فاطمہ ہو سید شامی

چراغِ خاندان حسنین کے راحت رسالم ہو — نبیؐ کے آپ پوتے رہنما ہو سید شامی

تمہارے ذات ہے یا قطب عالم دافع آفت — کہ آئینہ روشن ضیا ہو سید شامی

جنابِ مرشد والا کا شہرہ فیض در عالم — ہجوم غم میرے دل کا دفع ہو سید شامی

تمہاری مہربانی ہووے ذرہ دور ہو کلفت — جنابِ مظہر وجود و سخا ہو سید شامی

تمہیں روشن ہے میرا حال شاہ آسماں رفعت — رہا کرتا ہوں غم میں مبتلا ہو سید شامی

کروں سرمہ ادسے واللہ میں اپنے دیدۂ دل کا — جو ہاتھ آوے تمہاری خاکپا ہو سید شامی

خدائے پاک نے جو درجہ عالی آپکو بخشا — نہ جمشید و سکندر کا فخر ہو سید شامی

منغص عیش اور محزون دل ہوں روز و شب ہر دم — ہوا ہوں تنگ جاں سے رہ نما ہو سید شامی

ہمارے اوج مقصد کا تمہیں کو جانتا ہوں میں — در مقصود کے کان سخا ہو سید شامی

یہی ہے مدعا اس بینوا یا شید مشکل کی — کہ حل ہو مشکلیں مشکل کشا ہو سید شامی

کچھ ایسی کیجئے صورت کہ میرے دلکو ہو فرحت — نگاہ لطف سے دفع زیا ہو سید شامی

بھروسا ہے مجھے اپنے ہی الطاف و عنایت کا — وسیلہ دین و دنیا میں بڑا ہو سید شامی

گذر جیسی دم ہو میرا پل کے اوپر ای شہ والا — ہے نزع وقت مشکل کا مدد ہو سید شامی

ہزاروں آپکے در سے گئے مقصود با مطلب — رہا بندہ بہ امید رجا ہو سید شامی

میرا دامن در مقصود سے اب جلد بھر دیجئے — کھڑا درگاہ کے در پہ گدا ہو سید شامی

نوازش سے کرم سے اور الطاف و عنایت سے — کہ کیجئے رخصت اب مطلب ادا ہو سید شامی

قصیدہ ہزدہ بیں وقت رخصت کے لکھا میں نے — نظام الدین قاضی اب جلا ہو سید شامی

وَهٰذِهِ الْقَصِيدَةُ الْمُشَارُ إِلَيْهَا

آہ غم افسوس غم درد و الم باچشم نم — کرتا ہوں کچھ حال غم مرشد کے رخصت کا رقم

Marfat.com

اشک جاری دمبدم ہے چشم گریاں سے میرے ۔۔۔ چھوڑ ہمکو جاتے ہیں اب مرشد والا کرم
آہ مرشد کی جدائی میں مریداں ہوگئے زار ۔۔۔ رو رو کہتے کس سے ہم اپنا کہیں حال کا غم
اسم پاک مرشد کا میرے ہے سید محمد حسین ۔۔۔ اور لقب مولانا بہاؤ الدین شاہی ذو الکرم
دادا جنکے ہیں پیغمبر شافع روز جزا ۔۔۔ کیوں نہ ہو بحر کرامت ذریت ہوا رقم
آپکو بخشا خدا نے دین و دنیا عز و شان ۔۔۔ معدن جود و سخا و منبع والا چشم
ہیں قطب مولانا از علماء فضلاء دہر ۔۔۔ آپکا ثانی نہو گا روم شام از تا عجم
نسبہ ہے اہل اللہ بلکہ از فدائی خاصگان ۔۔۔ خاندان پیغمبرے وصفت ستہ والا ہم
عمر ستر پنج سال گذرا چھوڑکے شام وطن ۔۔۔ کر چکے نصف الجہاں کا سیر اعلیٰ محتشم
آپکا جبہ عبا سنا بہ و شملہ صدریہ ۔۔۔ خاص پوشاک عرب گویا کہ شاہانہ عجم
نسبیہ عاصہ ہانت ہیں موسیٰ ید بیضہ صفت ۔۔۔ سر پہ مقنعہ سبز سرخ رہتا دو شالہ دائم
جز سواری آپ کہیں تشریف فرما ہونے تھے ۔۔۔ پر خصوص مسجد کو پیدل آپ آتے با قدم
پڑھنا زعیدین جاتے تھے بگورستان ضرور ۔۔۔ چاروں مسجد کی جماعت ہمراہے والا شیم
آپکی قدم مبارک سے تھی خوش خلق خدا ۔۔۔ خوف نابیماری کا انکو تھا ہیضہ کا غم
آتے نابینا و بلیا اور بیماراں تمام ۔۔۔ ہو کے صحت بھول گئے نام ہسپتال کا یکدم
اچھے کرز بر فلک اسوقت ہیں علیے مسیح ۔۔۔ دوڑکے مرشد کے دیتے ہاتھ پر بوسہ بہم
آپکا آواز داؤدانی خوش الحان تھا ۔۔۔ سنکے خلق اللہ قرأت ہوش کہو ہو جاتا گم
گرکسی مسکین کو دیتے روپیہ پڑھکے صیغہ ۔۔۔ پھر کب ہو محتاج ناہو تا وہ مسکین تا عدم
خاص مرشد کے لئے ہوتا تھا جو خاصہ تیار ۔۔۔ کتے دفعہ کھائے مریداں تیس چالیس ہو بہم
تا جمع سفرے پہ ہو دس بیس مسکین یا مرید ۔۔۔ تب تلک ہر چند تناول نا کریں والا ہمم
ایکدن تو کہنے لگے مرشد سے جا سارے مرید ۔۔۔ حضرتا کرنا دعا بارش نہایت ہونا کم
قلت باراں لئے مرشد سنے کی ہے تب دعا ۔۔۔ جب لگا پڑنے کو بارش روز مرہ دمبدم
آپکے آنیکے باعث سینکڑوں ہو کر مرید ۔۔۔ پڑھ نماز پنج وقتی ہیں وارثے شریعت کا م
وجد سے بیہوش ہو نسکے مرید وقت ذکر ۔۔۔ ہر کرشمہ جا بجو دیکھتے ہو عرفان کا علم
شوق تھا مولود کا بعد از ذکر سنتے ضرور ۔۔۔ ہو گیا ہر گھر میں اب مولود خوانی کا رسم
تھی مریدوں پر شفقت آپکے ہر صبح و شام ۔۔۔ چاہیں لوگوں کو نہ تھا جز دیکھے مرشد کا قدم
ہائے شیخ پیر تھا بینا ہوا یا سیدی ۔۔۔ کر جدا مرشد سے ہمکو یہ دکھایا غم الم
کیا کریں فریاد ہم اب کس سے چاہینگے مدد ۔۔۔ ہائے اب مرشد مسیحا کا چلا جاتا قدم
پھر کہاں قدم مبارک یہ ہدایت پند وعظ ۔۔۔ کون سکھلائے بیٹھا نہ دیکھا ہمکو با کرم

Marfat.com

ہے عرض سارے مریدوں کی قبول اب کیجے — مرشدا بہر خدا پھر لاکے دکھلا نا قدم
بعد رخصت آپ کے رو رو کے کہیں گے سب مرید — آج سے ہم ہو گئے افسوس بے سر سایہ ہم
آہ واویلا یدردا زندگی برباد ہے — جاتے ہیں مرشد ہمارے چھوڑ کر یادر دو غم
غم زادہ ہیں آہ غم میں مرشد والا کے ہم — غم بہت دنیا میں ہوگا پہ نہ ہوگا الب ا غم
رات دن بجز یاد مولانا کے کب ہوگا قرار — یہ جدائی کا الم تا زلیت نا جاوے گا غم
آپ کے رہنے تلک کیا ٹانمو گلزار تھا — روز ہر گھر میں تھی محفل ہوتا فسراں تھا ختم
وقت جانے آپ کے رو رو کریلنگے غم سے ہم — ہای مرشد کا ہمارے سر سے اب جاتا قدم
پانچ ماہ کامل رہے بہر ہدایات مرید — کرلیے مرشد سے حاصل نعمت عقبیٰ کا ہم
اور قریب سات سو حضرت سے یہاں ہو گئے مرید — تھا فقط عز و جلال و عظمت والا انثم
وقت رخصت کے زمین شق ہو سہا پھٹ جائیگا — ٹانمو سے سید شامی کا ہے جاتا قدم
ہم مریدوں کے ہے کرنا دعا یا مرشدا — خیر ہو کو مین کا ہم کو نہو محشر کا غم
گر قیامت میں ہو سختی پرسش اعمال سے — کر سفارش اپنے دادا سے چھوڑ ادنیا ہے تم
یہ قصیدہ از برائے نذر مرشد کے لکھا — ہو گیا مقبول تو چھٹکارا پایا ایک دم
یہ بیان رخصت کا لکھنے خامہ سے آنسو رواں — الله والی کر کے زاری روک لے اپنا قلم

وَهٰذِهِ الْقَصِيْدَةُ الْمُشَارُ اِلَيْهَا

مجھے جس دم خیال مرشد جانا نہ آتا ہے — پئے دیدار حضرت ہو کے بیتا با نہ آتا ہے
نہیں معلوم یہ کس شعلہ رو کی روئے انور سے — فدا کرنے کو اب جان حزیں دیوانہ آتا ہے
لب شیریں سے فرماتے ہو پیاری باتیں ای مرشد — مگر تجھ کو مری جان نازمعشوقانہ آتا ہے
بھرے نافہ میں بوئے زلف ہے اسواسطے دیکھو — ختن کے دشت سے آہو ہو بیتا بانہ آتا ہے
جگر افروز کو پہلو میں اپنے دیناای مرشد — یہ دل پھر آپ کے جانب کو مشتاقانہ آتا ہے
یہ ضد کرتا ہے جی ہر دم بکوئے مرشد عالم — دل عیار کو دیکھو تو کیا یادانہ آتا ہے
یہ دل دیوانہ ہے ہر دم وہ گیسوئے مبارک پر — ہزاروں سے بلا سہکر ہو بے خودانہ آتا ہے
زباں پر ورد ہے یہ شعر ہر خلقوں کے شہروں میں — کہ دیکھو آج ثانی یوسف کنعانہ آتا ہے

Marfat.com

وہ الحان خوش تیری ہے کیا کہوں ای سید شامی
گلوئے خوش سے چون آواز داؤدانہ آتا ہے

وہ صورت پاک مورت ہے ویا وہ دین وایمان ہے
مری نظروں میں تو وہ گوہر یکدانہ آتا ہے

کہاں تک کر سکے کوئی صفت تیری بزرگی کی
سلیماں سے شہنشاہ بھی ہو بتیا یا نہ آتا ہے

گل نازک وہ گلزار محمدؐ کا تو ای مرشد
برائے تو ہو بلبل خانماں ویرانہ آتا ہے

جو اولاد رسول اللہ ہیں کھولے ہو زبان اپنی
ملائک کی طرف سے تجھ کو خط شوقانہ آتا ہے

تیری توصیف لکھنے کی کہاں طاقت مجھے مرشد
سما سے بھی ملائک ہو کے مشتاقانہ آتا ہے

فلک سے بھی صدائے مرحبا سننے میں آتی ہے
کہ مرشد شام کی جانب کا محبوبانہ آتا ہے

گل نازک کی جانب بلبل دیوانہ آتا ہے
فدا مرشد پہ ہونے جنت حورانہ آتا ہے

برہمن توڑ کر بت اور ہو کر سنگدل اوس سے
پئے دیدار مرشد بن کے لیس دیوانہ آتا ہے

شکر کر دل سے ای افروز اوس معبود خالق کا
کہ دل تیرا اپنے مرشد جو ہو دیوانہ آتا ہے

میرے مرشد پہ ہو دیوانہ ساری قمریاں خوشرو
کمال آداب سے خدمت میں جون شیدانہ آتا ہے

کبھی صحرا کی خواہش ہے کبھی مرغوب ویرانہ
کبھی دل میں خیال گیسوئے جانانہ آتا ہے

غم فرقت سہا جاتا نہیں ای سید عالم
دو چشموں سے مری دریا مثل بارانہ آتا ہے

دو چشم نم سے دو دریا و یا ندی جاری ہے
جہاں سب آنکھ میں معلوم میرے غرقانہ آتا ہے

رحم کر رحمت عالم ذرا ان بیکسوں پہ تو
تیری غم میں جو دیدہ اشک خونبارانہ آتا ہے

تمہارے دانت و ہونٹوں کی کروں کیا میں صفت مرشد
پی مدحت تو بلبل نغمہ سنجیدانہ آتا ہے

یہ دل کی بیکلی کس کس طرح سے رنگ لاتی ہے
کبھی مجنون کے مانند گھوما ویرانہ آتا ہے

ہوا رشک ارم ہے مولمیں از سید عالم
چمن میں چو طرف سے ہو صبا یارانہ آتا ہے

بہا جو چشم سے دریا غم مرشد میں ای یارو
نظر اس بحر میں سب دلہ دریا بیعانہ آتا ہے

نہیں دیکھا ہوں میں یارو مثل انکے کوئی مرشد
یہ افضل مرشدوں میں سید دورانہ آتا ہے

تیرے آگے جو آتے ہیں وہ پاتے ہیں شفا اوسدم
مثل عیسےٰ کے تجھ کو بھی مسیحانہ آتا ہے

پئے اشعار ڈوڑا جو برائے سید شامی
جنوں کے دشت سے ہو دل مرا شادانہ آتا ہے

مبارک نام پاک ان کا محمدؐ ہے حسن شامی
ہمارے لب پہ ہر دم ذکر مرشدانہ آتا ہے

لقب ان کا بہاؤ الدین عالی ہے نسب سید
زباں پر میرے ہر دم سید دورانہ آتا ہے

نظر لطف و کرم کی رحمت عالم ذرا رکھنا
بیکس محمد الرحمن جو ہو دیوانہ آتا ہے

Marfat.com

وَهٰذِهِ الْقَصِيْدَةُ الْمُشَارُ اِلَيْهَا

چشم گریان درد ہجران سے اوٹھا غم کا قلم — صفحہ اوراق اشک نم پہ یوں کرتا رقم
توسن طبع کو میرے تیز کر جولان دے — کیونکہ میدان ثنا مرشد ہیں ہے رکھنا قدم
سید محمد حسن شامی بہاؤالدین لقب — گل ز گلزار ابراہیم خلیل اللہ شمیم
آپ کے ذات مقدس مطلع انوار حق — شمع دین متین بحر العلم والاقدم
چاہا کچھ حال وداع مرشد لکھوں تفصیل وار — ہو روان آنکھوں سے آنسو دمبدم رکھ نا قلم
کیونکہ مرشد کی جدائی اور محبت تربیت — جب خیال آجاتا بسمل ہوتا تیغ الم
ہیں قطب اس دور کے مولانا علماء ہم — ہوئیگا ثانی نہ کوئی روم شام از تا عجم
آپ کو بخشا خدا نے دین و دنیا عز و شان — معدن جود و سخا ہیں منبع والاحشم
ہمنشیں مرشد کے تھے ایک مولوی صدق الیقین — عالم از علماء دین تھے معتقد با مرشدم
رکھتے تھے مرشد محبت دل سے کوئی دم ہو نہ دور — باطن میں ایک جان ایکدل ظاہرا دو تھا جسم
آپ تھے ازبس رحم دل غربا پرور خاص و عام — کس کو نہ تکلیف پونہچاتے تھے خود والاکرم
ایسے مرشد کے لئے کردیں فدا جان و جگر — مقصد کونین حاصل ہو ہمارا ایک دم
روز مرا مولوی حافظ و قاری در پہ جا — گرتا دل خرچ راہ لے کر وداع ہوتے بہم
کس طرح حال وداع مرقوم مرشد کا کروں — سینہ شق ہو کر جگر پھٹتا ہے میرا دم بدم
دے صبر تسکین میں اب اس دل بیتاب کو — لکھتا ہوں کہ حال رخصت مرشد ذوالحترم
غور سے با درد دل سُننا مرید و بھائیو — تا قیامت ایسے مرشد کا نہ آویگا قدم
آپ کی کیا جانفشانی تھی مریدوں کے لئے — نیم شب جاتی گذر یہ ذکر تا ہو تا ختم
شب دوشنبہ اور پنجشنبہ کی رات بالضرور — ہمراہ سے پڑھتے مریدوں کو شہ والاعجم
فضل حق کل نامو کے مرد زن ہوگئے مرید — جو کہ باقی رہگیا بس تھا نصیبا جس کا کم
بعد رخصت آپ کے ذکر و وظیفہ ہو مدام — پانچ چھ شخصوں کو خود افسر کئے بااستحکم
چاہئے تم سب مرید اُن کی اطاعت کیجئے — یہ حکم مرشد کا ہے نام مرشد ہو نا گم
کیونکہ آپس میں مریدوں کے ہو فتنہ فساد — کوئی وہابی آکے نا کردے عقیدہ وسب کا گم

Marfat.com

خود کئے چاروں اماموں سے رسالہ ایک تیار
پس رہو ثابت مرید و قول مرشد پر مدام
وجد سے بیہوش ہوئے کئی مرید وقت ذکر
ہو کے طوفان وبا مرنے لگے کئی مرد زن
جب لگے کہنے کو مرشد کل جماعت مومنیں
ہو گیا ایک روز میں فضل خدا بھاگی وبا
پس اگر مرشد کے تگلو یہ واردات ہو جاویگی
اب ہماری زلیست بے ناچیز ہے برباد ہے
بعد جانے آپ کے رو رو کہیں گے سب مرید
مرشدا ہم کس کے در جا پر پکاریں یا حبیب
کون اب لے جائیگا ہمراہ قبرستان تک
وقت رخصت پھٹ زمین تکرے فلک ہو جائیگا
گھر سے لے اگھوٹ تک لوٹیں مریدان خاک پر
گر لکھوں توصیف مرشد دفتریں تحریر ہو
ہو قیامت میں جو سختی پرسش اعمال سے
رونے ہیں سر پیٹ کر سب مرد و زن پیر و جوان
ہم کو سکھلائے وظائف اور کرنے تربیت
اس محبت پر جدائی آپ کی ممکن ہو کب
مرشدا کرنا دعا فرقت سے اپنے صبر ہو
بیوطن ہو کر پڑا ہوں باعث از افلاس کے
یہ قصیدہ خدمت مولانا میں گر ہو قبول
خاکپا قاضی نظام الدین ہے اپنا مرید

پاس جب ہوگا تمہارے کاٹونگے وہاں بھی کا دم
عاقبت بالخیر ہو محشر کا نہ ہووے گا غم
جانو مرشد کا کرشمہ تم میں ہو عرفان کا دم
جس طرح باد خزاں میں برگ جھڑتا دمبدم
یہ اسم پڑھتے ہوا اطراف لبستی جا نا تم
بعد بارش بھی لگا پڑھنے ہوا حق کا کرم
کون ہو ہم کو وسیلہ دور یہ کردے گا غم
ہائی اب مرشد وداع ہیں پھر یہ کب پانا قدم
آج سے ہم ہو گئے افسوس بے سر سایہ ہم
کون ہیگا داد خواہ کس سے کہیں جا دل کا غم
ہو گیا فضل خدا مرشد کا تب آیا قدم
ٹانٹو سے ہائی مرشد کا ہے اب جانا قدم
روز محشر ہو گا بیشک کھاتا ہوں حق کا قسم
آپ کے لکھنے ثنا گھٹ جائیں گے صدہا قلم
کر سفارش اپنے دادا سے بچا لینا ہے تم
آپ کے جانے سے رونق ہو گیا ٹانٹو کا گم
ماہ چھ کامل رکھے تشریف عالی ذو الکرم
رات دن تڑپا کریں ماہی نمط در چاہ غم
ورنہ یہ درد جدائی کا بڑا ہو گا الم
ہم کو پہنچا دو وطن کر کے دعا یا مرشدم
اوج پر چڑھ جائے ہے تقدیر جون یا دا ہم
شق قلم ہوتا ہے غم سے بند کر ڈالا رقم

وَهٰذِهِ الْقَصِيْدَةُ الْمُشَارُ إِلَيْهَا

Marfat.com

بھائی مریدان دوستان ذکر میں آنا چاہئے ... نام خدا زبان پر ذکر میں لانا چاہئے
کرتے ہو ہر ایک شب ذکر خدا ہزار بار ... ذکر جلی کو شوق سے دل میں سمانا چاہئے
منکر ذکر جو کہ ہیں عاقبت ان کا ہے خراب ... غفلت خواب سے نہیں جلد جاگانا چاہئے
حمد و نعت میں نہیں کرتے ہیں دخل جو بیشتر ... کر کے نصیحت خوب سی راہ میں لانا چاہئے
دو دن کی ہے یہ زندگی مال و زر پہ نہ بھولو ... ڈھونڈھ کے مرشد کے قدم حشر میں جانا چاہئے
مرشد ہمارے ہیں سید شاہی لقب بہاؤ الدین ... ڈھونڈے اگر تمام عمر مشکل ہے پانا چاہئے
اسم سید محمد حسن پوتے نبی کے خاص ہیں ... خاکپا لے کے آپ کا سرمہ لگانا چاہئے
ایسے جناب پاک کے ہوگئے بصدق مرید ... کیونکہ بروز حشر میں ہمسکو ٹھکانا چاہئے
ہوتے ہیں حامی مرشد اُمشکل بوقت نزع کے ... کر کے مدد یہ رہنما ان ہم کو بچانا چاہئے
جس کو خدا کا ہے نہ ڈر مرتے ہیں سیم و زر پہ ... ہوگا جب وقت سکرات کا کون چھڑانا چاہئے
جان و مال دل سے کرنا ہے مرشد پہ فدا ... صدق عقیدہ آپ کا دل میں جمانا چاہئے
توشۂ عقبےٰ ہو طلب مرشد سے دل نہ پھیر واب ... رو برو جا کے حشر میں کیا منہ دیکھانا چاہئے
گر تم سنو کہ شاہ دین آتے ہیں مرشد یقین! ... بھائی مرید و دوستو سر کے بل جانا چاہئے
مرشد کے پانچ لاکھ مرید جا بجا ہوں گے بامزہ ... گر میں لکھوں قصیدے میں دفتر بنانا چاہئے
کئی ایک حافظ عالماں قاری بھی اور فاضلاں ... داخل ہیں سب مریدوں میں کسکو سنانا چاہئے
مرشد کی کچھ ثنا ایک ایک لکھتا ہو عمر تک ... آخر ہو زیر فلک عمر گھٹنا نا چاہئے
کرامات کئی ہزار ہا مرشد سے گذرا جا بجا ... دیکھا ہے سب نے بار ہا پڑھ کے سنانا چاہئے
پونچے ہیں جس شہر میں جا دفع ہوتے ہر یک بلا ... بیماریاں پائے کل شفا کہنا مسیحا چاہئے
جاتے ہیں جس شہر میں قریب اتنے مسلمان اور نجیب ... کہتے ہیں مل کے سب شریف تشریف لانا چاہئے
نے ایک مکان عالی شان کرتی ہیں خدمت صدق جان ... اور کھلا کے نان الوان آرام کرنا چاہئے
ہوتے مرید مومنیں آکے بصدق دل یقین ... ذکر و ظیفہ راہ دین ہم کو سکھانا چاہئے
مرشد ہمارے مدعا کرنا قبول التجا ... فردا بروز جزا ہم کو بچانا چاہئے
فدوی ہے قاضی خاک پا آپ کے ہی نعلین کا ... ہر دم دعاء خیر سے دور نہ کرنا چاہئے

وهذه القصيدة المشار اليها

Marfat.com

ہو سلام آپ پہ ای شام کے رہنے والے
ہم گنہگاروں کو عصیاں سے بچانیوالے

رتبہ عالی ہے لقب آپ کا ہے بہاؤالدین
جد ہیں آپ کے معراج کو جانے والے

شمس ہے ماہ ہے یا نیر اعظم ہیں کہوں
متحیر ہیں یہ سب دیکھ کے کہنے والے

آپ کے در کو کہاں چھوڑ کے ہم جاویں کدھر
حق تعالےٰ سے ہو بخشش کو کرانے والے

روز محشر کا مریدوں کو نہیں ہے کچھ غم
جن کے ہو پیر شفاعت کے کرانے والے

اس زبان پاک سے ہے فیض کا دریا جاری
پیلو تم خوب سا جو کوئی ہو پینے والے

رکھو تم لطف وعنایت اس عزیز پر
ہے مرید آپ کا ای شام کے رہنے والے

وَھٰذِہِ القَصِیدَۃُ فِی مَدحِ مُرشِدِ الشَامِی

حسرتا دردا دریغا قطب والا الوداع
داغ فرقت دے چلے ہیں غوث اعلا الوداع

سوز فرقت سے تیرے دل میں آتش بڑھ گیا
چشم گریاں سینہ بریاں جان جا ہنا الوداع

مرغ بسمل بن گیا ہوں جان جائے گیا بعد
جان بیشک آپ ہی ہو آپ گزنا الوداع

بل طبیبا کیا دوا ہے درد ہجران جان کے
بوعلی نے یوں کہا ہے ترک کرنا الوداع

آفتاب شادمانی جب کہ ہو وے الوداع
تیرگی غم کے دلوں پر ہے سراپا الوداع

مثل گل کے دل کو میرے پارہ پارہ کردیا
یاوند الوداع کے جب کیا بہنا الوداع

پاؤں چومنے کو شتابی پھر خدا کر دے نصیب
استدعا کرتا ہے ایسا جب سے آیا الوداع

نطق شیریں ایسی کے کیا نہیں ہے بے عدیل
رشک قمری رشک بلبل رشک مینا الوداع

لحن داودی ایسی کے پھر کبھو سننے ملے
کاش وہ دلکش لحن ہا گر نہ ہوتا الوداع

گرچہ ہے رنج وملالت دار دنیا میں کثیر
لیک رنج الوداع کے سب سے اعلا الوداع

جب سے اپ جلوہ نما ہے لبا نور نور
تار وتاریک اب تو ہو جادے جبکہ آیا الوداع

الوداع کے قلب نے ہم کو تسلی جب دیا
انتظار عادو کے دل میں جھٹ آیا الوداع

مضطرب دل کو ہمارے کب قرار آوے خد
گر نہ ہو زائل دلوں سے محشر اسا الوداع

ہمچوں دریا اشک جاری کرتا ہے ہر دم فرید
جب کیا سینہ کو مجروح نوکر جا الوداع

Marfat.com

وَهٰذِهِ القصیدۃُ فی مدحِ مُرشدِ الشامی

باوضو لے کے قلم لکھتا ہوں میں حمد و ثنا / بعد ازاں کر کے ادا نعت محمد مصطفےٰ

سید محمد حسن مولا تلے مرشد میرے / سید شامی بہاؤالدین لقب ہے آپ کا

شام ہے اہل وطن خاص آنجناب مرشدا / سبط ہے پوتے نبی کے شمع دین انبیاء

خاندان مرشد کا از اولاد زین العابدین / ہیں حسین ابن علی بنت رسول فاطمہؓ

شام سے بہر ہدایت لائے ہیں تشریف آپ / کر مریدں کو دکھاویں راہ دین راہ خدا

پانچ سال اوپر ہوا تشریف لا کر شام سے / پانچ لاکھ ہوگئی مرید مرشد کے باصدق و صفا

آپ کے چہرہ منور کی کہوں کیا روشنی / مہر و ماہ شرماتے جس کے دیکھے کے نور ضیا

تہا بجا مقنعہ جو سر پہ ایک دوشالہ دائم / گاہ سفید و گاہ زرد و گاہ سرخ و بے بہا

تھا ایک عصا ہاتھ میں گویا ید بیضا صفت / خاص پوشاک عرب مرشد کا تھا صلے علےٰ

آپ جب تشریف لائے در مقام جیت پور / بہت سے ہوگئی مرید اس شہر میں چھوٹا بڑا

بعد ازاں رنگون میں داخل ہوئے عالی جناب / جب مرید احمد جیسا خدمت میں مرشد کے ہوا

نہر دہ میں بار ثانی لائے اب مرشد قدم / خاکپا مرشد کا لے سرمہ کروں صبح و مسا

اب قدم پکڑا ہوں مرشد کا ہدایت کیلئے / راہ حق سکھلا کے ہم کو کرنا حاصل مدعا

نہر دہ میں بہت سے ہیں لوگ مرشد کے مرید / ہر کوئی مقدور بھر خدمت کیا اپنے ادا

واہ میمن تاجروں کی حد سے خدمت ہے زیاد / صدق دل مرشد پہ اپنا جان و مال قربان کیا

ملا میمن نام احمد جیسے ہے شیریں سخن / شوق ہے مولود خوانی نہایت ہر مسا

بعد مرشد جانیکے ہم سب پڑھینگے شوق سے / نام پر مولانا مرشد کے لکھا احمد زیا

مرشدا احمد زیا کے باپ ماں اور بھائی کے / حق میں سب میمن مریدوں کے لئے کرنا دعا!

وَهٰذِهِ القصیدۃُ فی مدحِ مُرشدِ الشامی

پہلے بسم اللہ سے کر آغاز حمد کردگار / بعد لکھ نعت محمد ہیں شفیع روز شمار

کیجیے توصیف ابی بکرؓ و عمرؓ صاحب عدل
فاطمہؓ بنت نبی حسنینؓ ہیں لخت جگر
بھیج اصحاب پیغمبر پہ درود و صد سلام
سر جھکا نو کے قلم ہو با ادب کر نا رقم
اسم پاک مرشد کا میرے سید محمدؒ حسن
سید شامی ہے لقب عالی نسب والا حسب
خاندان مرشد کا از اولاد زین العابدین!
معدن علم شریعت در طریقت معرفت
شام سے بہر ہدایت کے لئے باندھ کمر
پہونچے ہیں جب قریب شہر حضرت کے قدم
نور سے چہرہ منور آپ کا پر نور ہے
در دریاء کرامت منبع لطف و عطا
آپ ہیں والا مناقب پر چشم جد نبی
رونق افزا ئے سریر سلطنت سلطان دیں
بہر فیض خلق کے لائے قدم عالی جناب
ہو کے فارغ ہر جگہ تشریف لائے ٹاٹمو
کیا تجلی ہو گئی ہر کوچہ و بازار کے
آئے ہیں جس روز سے حضرت کا یہ دستور تھا
بعد کرتے ذکر کے واعظ اور ہدایت کا بیان
ایک روز بنگالی مسجد میں ہی کرتے ذکر و عظ
ٹاٹھ مو رونق فزا ہو مسجدیں گلزار تھے
چھ گھرانیکی خلافت آپ کرتے ذوالکرام
آپ کے رفتار اور گفتار و دستار سے
قادری اور نقش بندی چشتی الادری سبا
تسپہ اللہ نے مسیحائی کی بخشا ہے صفت

جامع القرآن عثمانؓ ہیں علیؓ ذوالفقار
پنجتن دین نبی کے یہ ستوں ہے استوار
باعث ان کے دین احمد کا ہوا پایہ قرار
کچھ ثنا مولانا مرشد کا اب تو تفصیل وار
ہے لقب مولانا بہاؤالدین دالا افتخار
دادا جن کے ہیں محمدؒ مصطفےٰ شاہ تبار
ابن حسن ابن علی شہدائے کربلا دلفگار
آپ ہیں بحر حقیقت کے یہ در شہوار
رونق افزا آپ جب ہوتے ہر یک شہر و دیار
ہو جمع کل مومنیں لاتے بصد عزو وقار
دیکھ کے شمس و قمر حیرت زدہ تھے بیقرار
فیض جاری آپ کا ہر ہر جگہ ہے آشکار
انجمن آرائے جمشید و سلیماں مہردار
نور بار محفل دارا سکندر شہریار
پانچ لاکھ اوپر مریداں ہو گئے ہیں تابعدار
آپ کے قدم مبارک سے ہوا چوں گل عذار
مسجدوں میں از سر نو روشنی کا تھا بہار
پڑھ عشا کرتے ذکر ہمراہ مریدوں کے پکار
چاروں مسجد کی جماعت رہتی حاضر استوار
روز دیگر سورتی مسجد میں جا کرتے قرار
شب تھی گویا شبرات دن عید سا تھا زیب دار
اس طریقے پر مرید ہیں آپ کے بیحد شمار
ہے چلن پیغمبری کے گھر کا بیشک برقرار
اکبری الخلوتی ہے شش گھرانہ پائیدار
جس کو پانی دم کا دیتے پل میں جاتا ہے آزار

Marfat.com

خاکپا نعلین حضرت گو کہ ہے کحل البصرا
کئی قریب المرگ بیماران شفا کل پا چکے
پانی دم کروانے کوزوں کو خریدے خاص وعام
آپ کو ذکر و عبادت سے کوئی دم فرصت نہیں
اور ملاقات آپ کی بعد عصر ہو کر ضرور
بادشاہت دین کی بخشا ہے رب العالمین
آپ کو الفت نہ اس دنیا کے سیم و زر سے ہے
اور علاوہ مذہب برہمہ سے کئے ایک مرد زن
کیا زبان پاک ہیں تاثیر جو حضرت کے ہے
اس کا دل مانند آئینہ کے جو شفاف ہو
باعث حضرت کے ایک عالم ہدایت پا گیا
کشت امید خلائق آپ سے سرسبز ہے
اور بہت سے خوبیاں اللہ نے دئیے آپ کو
مختصر خوف طوالت سے میں لکھ کر چند چند
پاس تھے اس بلبوا کے بس یہی درِ سخن
ملتمس ہوں گو کہ مثل پونہ کے بے آب ہیں
الغرض ہوں میں مرید قدم دعا گو آپ کا
مہر و ماہ و مشتری زہرا کا جب تک دور ہو
گرچہ جوش جرم کا از حد بے پایان ہے
روز فردا سایہ زیر لوا سے نا ہو دور
یہ قصیدہ از برائے نذر والا کے لکھا
ہوں غریب و بیکس و بے لبس ہے از حد و نہ یاد
کون لکھ سکتا ثنائے مرشد والا گہر
ایک فرزند حق دیا اللہ والی عرف سے
ہو گیا وہ بھی مرید حضرت کا باصدق و صفا

چشم نابینا میں لگ جاوے تو ہو تابندہ دار
مٹ گیا نام مسیحا اب جہاں سے ایک بار
ہو گیا مشکل جو ایک کوزوں کا ملنا در بازار
در پہ حاجت مند کئی بیمار رہتے انتظار
سب کا جو مقصود مطلب دم میں ہو جاتا برار
اس فخر پر بھی ہر یک سے کرتا عجز و انکسار
بلکہ دولت مند کے ہر چند نہیں ہے دوستدار
آ کے از خود پڑھ وہ کلمہ ہو گئی ایماندار
جس کو کر دیتے نصیحت مرشد عالی وقار
پڑھ نماز پنجوقت کی ہوتا ہے پکا دیندار
رات دن جز بندگی حق کے نہیں ہے کاروبار
آپ کی شفقت میں ہے تاثیر ابر نوبہار
گر لکھوں وہ سب تو ہو دے دفتریں لاکھوں ہزار
خدمت مرشد میں لایا ہے یہ فدوی خاکسار
اس لئے لایا ہوں کرنے فرق والا پر نثار
آپ کے نظر اثر سے ہوں گے درِ تابندار
ہے زمین و آسمان کو یا خدا جب تک قرار
کوکب اقبال خود ہو لیگا وہ رخشندہ دار
رحمت مرشد سے امید قوی ہے رستگار
روز محشر میں رہوں دامن پکڑ امیدوار
گر ہو مقبول نذر تو کیوں نہ ہو مقصد برار
مساکن المیطور ہوں پر ہے پریشان روزگار
کیا مجال خادم کی خود خادم ہے اپنا تابعدار
میں غلامی میں دیا ہوں آپ کے لیل و نہار
دم بدم ہر دم بدل کیجئے دعا ہر بار بار

Marfat.com

راحت ہو دنیا میں اوس کی عاقبت بالخیر ہو	نام اس کا دفتر عالی ہے خدمت گذار
سیزدہ صد و دہم سنہ بود از ہجری نبی ۱۳۱۰	ماہ شوال المکرم مورخہ بست و چہار
روز سہ شنبہ بوقت عصر این اتمام یافت	شد نوشتہ در مقام ٹانٹو صدر بازار
یا الٰہی العالمین و یا شفیع المذنبیں	از طفیل سید شامی شوم باکام گار
نوشتہ از برائے مرشدانہ	کہ پس از مرگ من باشد نشانہ
کسی پرسد کہ ابن مسکین کجا رفت	بگو بگریز از جور زمانہ!

اللّٰہ اللّٰہ ربنا اللّٰہ اللّٰہ حسبنا ۔ المصطفٰے والمرتضٰی محبوبنا یا سیدا

مدبسم اللہ سے کر حمد خدا پروردگار	کر ثنا مولانا مرشد کا تو تفصیل وار
ہو کے فارغ ہر جگہ تشریف لائے جب پورم	کر جمع کل مومنین عبد الرشید والا تبار
جا کے لائے ہیں بصد تعظیم باتوقیر سے	پڑھتے مولود نبی ہمراہ مرشد باوقار
جب پورم میں مرشد والا ہوئے داخل مکان	پس لگے ہونے مریدان مرد اور زن بیشمار
اسم پاک مرشد کا میرے سید محمد حسن	اور لقب مولانا بہاوالدین شامی افتخار
سید شامی جناب عالی نسب والا حسب	دادا ان کے ہیں محمد مصطفٰے عالی تبار
کیا تجلی ہوگئی ہر کوچہ و بازار کے	مسجد و منبر از سر نو روشنی کا تھا بہار
کیونکہ تھے خلق حسن از بسکہ اخلاق پسند	صاحب علم و فضل فہم و فراست ہوشیار
چھوڑ گھر لینے کے خلافت آپ کرتے ذوالکرام	اس طریقے پر مریدان آپ کے بیحد شمار
قادری النقشبندی چشتی الادری سبا	اکبری خلوتی یہ ہے شش گھرانہ پایدار
خاندان مرشد کا از اولاد زین العابدین	ابن حسین ابن علی شہداء کربلا دلفگار
شام سے بہر ہدایت کے لیے باندھے کمر	رونق افزا آپ ہوتے تھے ہر ایک ملک و دیار
ہوکے فارغ ہر جگہ تشریف لائے جب پورم	جا کے لائے ہیں بصد تعظیم و توقیر دار
پھر کہاں ایسے قدم قسمت جو پاوے بار بار	جان دل سے ہو مرید مرشد کے ہوگئے تابعدار
تسمیہ اللہ نے مسیحا ہی کے بخشا ہے صفت	جس کو پانی دم کر دیوے پل میں جاتا ہے آزار
بادشاہت دین کے بخشا ہے رب العالمین	اس فخر پہ بھی ہر ایک سے کرتے عجز و انکسار

Marfat.com

خاکپا نعلین حضرت گو کہ ہے کحل البصر ا — چشم نابینا میں لگ جاوے ہو تاپندہ وار

باعث اس مرشد کے ایک عالم ہدایت پا گیا — رات دن ذکر و عبادت میں ہے مشغول وار

تین مسجدیں پورم میں جس میں ہوتی ہے نماز — ذکر جاری تینوں مسجد میں ہوا کرنا پکار

فیض یہ مرشد کا ہر ہر جا پہ جاری ہو گیا — حاسدوں نے کر حسد روتے رہے سر مار مار

آکے مرشد جب گئے ہر دو جماعت میں صلح — ہر دو مسجد میں ہے جاری ذکر ہر دم قرار

رات دن خدمت میں مرشد کے تھے آتے صبح و شام — واسطے ذکر و وظیفہ کے تھے سب خدمت گذار

پر بہت سے مال دار مرشد کے خدمت کی بہت — ثانی جو عبدالرشید ہو گا نہ کوئی خدمت گذار

عرض کرتا ہے بخدمت ڈاکٹر عبدالرشید — کیجیے حق میں دعا اولاد کے لیل و نہار

روز محشر وقت پرسش سختی و دو پلصراط ا — سب مریدوں پر رکھیں دامن کا سایہ استوار

بعد رخصت کے یہ پڑھ کر دل کو ہم تسکین دیں — اس لئے لکھ حال مرشد اس میں ہے تحریر وار

کہاں تلک تو کر سکے مرشد کی تو حمد و ثنا — یہ نظام الدین قاضی ہے مرید فرما گذار

وَھٰذہ القَصِیدۃُ فِی مَدحِ مُرشِدِ الشَّامی

آج مرشد جہاز پر ہوتے بحکم اللہ سوار — سب کہو مل سے مریدو فی امان اللہ پکار

کوئی دم میں ہوتے ہیں اسوار مرشد پڑھو — لا فتاح الا علی لا سیف الا ذوالفقار

کس طرح چھوڑیں قدم اب مرشد والا کے ہم — کر مریدوں کی تسلی جہاز پر ہونا سوار

از زمیں تا آسمان کیا چھا گیا غم کا گھٹا — اشک آنکھوں سے مسلسل جوں رواں بارش کا دھار

جب تلک نا صبر ہووے اس دل بیتاب کو — سر نہ سرکا دیں قدم سے آپ کے ہم زینہار

ورنہ فرقت سے تڑپ ہم آپ کے مر جائیں گے — کیوں نہ خلق اللہ کہیگی تھے مریداں جان نثار

وائے قسمت مرشد اب ہم سے وداع ہو جاتے ہیں — آپ کے دوری کا غم دل پر رہے لیل النہار

آج یہ روز قیامت یا کہ محشر ہے کہوں — زندہ تک جنہر یاد مرشد دل کو نہ ہو گا قرار

کس طرح یہ جان دل کو چین ہو آرام ہو — ہو گیا گم آج سے یہ نامو کا تھا بہار

آپ کے اقدام سے روشن تھے ہر مسجد مکان — تھی خوشی ہر یک کے دل پر ہو گیا نا در بہار

تا قیامت ایسے مرشد کے نہ پاویں گے قدم — عمر بھر روتیں یا پیٹیں سر زمین پر مار مار

Marfat.com

بعد رخصت آپ کے روئیں مریداں راندن
یہ جدائی کا شجر دل پر رہے گا بار دار

جس جگہ پہونچوں کے اقدام مبارک آپ کے
خیریتا اپنے مریدوں کو ہے کرنا آشکار

کیونکہ مرشد کے جدائی سے ہیں سب پژمردہ دل
خیریت سے آپ کے خوشنود ہو یہ دلفگار

جا کے پہونچے ہیں پروم میں جبکہ یہ خورشید دین
سب مسلمانوں کا ہو طالع بلند رخشندہ دار

آپ حق میں کیجئے میرے دعا اولاد کے
ہے مرید قاضی نظام الدین فدوی تابعدار

وَھٰذِہِ الْقَصِیدَۃُ فِی مَدْحِ مُرْشِدِ الشَّامِی

یارب قلم غم کا اٹھا دل کا بنا کاغذ صفا
کچھ ہیں حال وداع مرشد میرے ہوتے جدا

اسم مبارک آپ کا سید محمد حسن تھا
دادہ محمد مصطفےٰ اکچھ آپ کے ای پیشوا

اور ہے بہاؤالدین لقب ماہ نسب عالی حسب
کچھ آپ ہو ملک عرب شامی وطن ہے آپ کا

ای سید شامی سنو کیوں چاک یہ سینہ نہ ہو
میرے مرید و بھائیو یہ غم کا ہیگا ماجرا

ایک تو محرم کا الم حسنین کو کر یاد سم
روتے ہیں کر غم آہ غم اب آپ بھی ہونے ہیں جدا

اور سید الشہداء کا غم ظالم کئے اوپر ظلم
یہ غم ہوا ہم سے نہ کم پھر غم پر غم جاری ہوا

چہرہ منور چاند سا ہے یوسف ثانی بجا
پھر کب ملے رودے لقا یہ غم نیا پیدا ہوا

دو زلف دو رخسار پر کیسے گرے عالی گہر
سارے مریداں منتظر تھے دیکھتے ماہ لقا

دونوں بھواں چشم پہ ایسے کمان مانند قمر
کرتے مریدوں پر نظر مرشد میرے ہوتے جدا

یہ درد تو قائم رہا ہم سب مریدوں پر بجا
رو یا کریں صبح و مسا لے نام تیرا سیدا

کچھ دن کے اب مہمان ہیں مہمانداری بالیقین
نہیں کچھ ادا کی ہے نہیں خدمت تمہاری سیدا

تشریف لے جائیں گے جب تو ہینگے ہر کوئی مضطرب
یہاں سے سنو عالی نسب محشر سا وہاں نہو گا بپا

روئیں گے گر کر خاک میں کرے غم میں سرگرداں ہیں
آنسو رہے ہر آنیں جاری رہے گا حسرتا

جانے کے دن تو سیدا گھر گھر میں سب آہ و بکا
سب مل کریں گے ہر وداع پھر داغ یہ تازہ ہوا

آئے ہوئے تھے پانچ ماہ کیسے محبت ہم سے رہ
رکھتے تھے شام و پگاہ اب کرکے ہم سب کو جدا

مادر پدر کا غم نہ تھا تھے سب محبت میں خدا
جاری زبان پہ ورد تھا یا سیدا یا سیدا

کان شام ہے کان سند ہے شعرو نامی بندہ ہے
قسمت ہماری نہیں ہے بلوا د جلدی کر دعا

پڑ درد قلم کو رکھ دیا لکھ چند باتیں سبدا	کرنا معاف میری خطا کرنا مریدوں پر دعا

وَهٰذِهِ الْقَصِيْدَةُ فِيْ مَدْحِ مُرْشِدِ الشَّامِيْ

رخصت اب مرشد وداع ہے	سب چلو تسلیم کو........
رخصت اب کشف الدجا ہے	سب چلو تسلیم کو........
باندھ حلقہ سب مریداں سر سے چلتے جائیو	رخصت اب شاہ ہدا ہے سب چلو تسلیم کو
مخزن علم و شریعت در طریقت معرفت	رخصت اب کان سخا ہے سب چلو تسلیم کو
آپ کے راہ نمائی سے ملی راہ خدا	رخصت اب راہ نما ہے سب چلو تسلیم کو
شمع دین متین و جوہر و دریا و دین	رخصت اب حامی جزا ہے سب چلو تسلیم کو
آپ کے قدم مبارک سے تھا ہم سب کو امن	رخصت اب دافع بلا ہے سب چلو تسلیم کو
آپ ہے عالی نسب والاحسب پوتے نبی	رخصت اب نور الہدا ہے سب چلو تسلیم کو
صاحب اسرار عرفاں واقف ستر نہاں	رخصت اب حاجت روا ہے سب چلو تسلیم کو
اب چلی دم میں سواری آپ کی ہو کر نثار	رخصت اب شمس الضحٰے ہے سب چلو تسلیم کو
روتے ہیں سارے مریداں غم میں مرشد کے بزار	رخصت اب مجیب الدعا ہے سب چلو تسلیم کو
کیوں نہ روئیں پیٹ سر الفت ہیں مرشد کے مدام	رخصت اب جود السخا ہے سب چلو تسلیم کو
یہ قدم کب ہو دیں گے مرشد کے پھر ہم کو نصیب	رخصت اب آخر وداع ہے سب چلو تسلیم کو
شرق سے تا غرب شہرہ آپ کے تھا فیض کا	رخصت اب دین ضیا ہے سب چلو تسلیم کو
اب چلو کر لیں قدم بوسی جو ہو حسب المراد	رخصت اب حل مدعا ہے سب چلو تسلیم کو
آہ رخصت آپ کی لکھنے قلم ہے اشکبار	رخصت اب خود مرشدا ہے سب چلو تسلیم کو
یہ لکھا قاضی نظام الدین فدوی چشم نم	رخصت حال وداع ہے سب چلو تسلیم کو

وَهٰذِهِ الْقَصِيْدَةُ فِيْ مَدْحِ مُرْشِدِ الشَّامِيْ

پڑھتا ہوں بسم اللہ صدا اور نعت احمد مصطفٰے	لے کر قلم لکھوں وداع کچھ پیر کا واحسرتا

Marfat.com

ای سیدا ہم سے جدا ہو گر گئی کر کے وداع
غم میں ہمارا دل صدا کرتا وداع واحسرتا

ای سید عالی مقام غم میں مریدان ہے تمام
سب لونڈیاں ای نیک نام تم ہو گئی ہم سے جدا

سید محمد حسن تھا نام مبارک آپ کا
کیونکر نہ سن کر مرحبا پڑھنا مریدان سیدا

سید بہاؤالدین لقب سچے آپ کا عالی نسب
کیا مبارک ہے لقب یوں نام میں صبح و مسا

غم میں یہ عورت ہے تمام روتے تمامی خاص و عام
دے داغ عالی مقام دل پر ہمارے سیدا

گئے اب گذرے چار دن جاری ہے غم یوں دن بدن
کرتے دعا یوں حق سے زن جلدی ملا دے ای خدا

ای صاحب عالی سناس یہ التجا ہے حق کے پاس
اوے قدم رکھتے ہوں آس کر لو قدم بوسی سدا

سمجھ ہم سبھوں کے پیشوا اولاد پیغمبر بجا
خود پیر ہوا ہے رہنما کرنا دعا صبح و مسا

ماہ لقا سچے آپ ہو مہر لقا سچے آپ ہو
ہیں رہنما سچے آپ ہو سچے ہم سبھوں کے پیشوا

ای بادشاہ دین وا ہم سے ہوئے تم ہو جدا
پھر کب ملوگے سیدا یا الوداع یا حسرتا

فخر مریدان آپ ہیں اوج مریداں آپ ہیں
ماہ مریداں آپ ہیں تم سید شامی ہدا

لیکر گلاب و موگرا جنبا چنبلی موتیا
ہیں باغباں ہو کر صدا دیتے تھے تحفے سیدا

ایسا چمن گل کا مجھے پھر کب بتانے کو ملے
مالی ہیں بن کر در تیرے بھیجتے ای سیدا

ہم عورتوں کے واسطے کرتے دعا تھے آپنے
اپنے مریداں جان کے کرنا خدا مقبول دعا

اپنے دعا سے گئی وبا اور دور ہو گئی سب بلا
ایسا چمن مجھ سے گیا ہے اب میرے فریاد کیا

اب کس کے در پر جائیں گے غم والم بتلائیں گے
دل چاک کر دکھلاویں گے ہیں دور مجھ سے سیدا

بیمار کی کرتے دعا لیتے دعا ہر دم صدا
پانی نمک لے کر کجا جاویں گے میرے سیدا

مجھ کو محبت دے خدا اب عورتاں ان پر فدا
ہیں جان و دل سے ہے خدا رکھنا محبت تو صدا

ان کے قدم دیکھیں گے کب ان کے قدم چومیں گے کب
یہ عرض ہے دن رات اب جلدی ملا دے ای خدا

تم قبلہ گاہ میرے ہوئے تم پیشوا میرے ہوئے
ان کے مریداں ہم ہوئے دیکھیں گے کب ای سیدا

ہم کنیزوں کا سلام اب لیجئے عالی مقام
دیتے ہیں تسلیم و سلام جھکا کے سر ای سیدا

وھذہ القصیدۃ فی مدح مرشد الشامی

ہم عورتاں کا سید شامی سلام لو
ہم خادموں کا سید شامی سلام لو

Marfat.com

سید حسن ہے نام مبارک جو آپ کا — ہم دل جلون کا سید شامی سلام لو

ہم آپ کے کنیزاں عورات سب مرید — ہم غم زدون کا سید شامی سلام لو

آیا تھا چاند شام سے اللہ میرے گھر — ان خادمون کا سید شامی سلام لو

کیا چاند کی تجلی سے دیوانہ ہو گئے — دیوانہ گون کا سید شامی سلام لو

رہبر ہمارے تھے ہمیں اب چھوڑ کر گئے — بچھڑے ہون کا سید شامی سلام لو

ایکدم اندھیرا ہو گیا سارا شہر تمام — بے سایہ گون کا سید شامی سلام لو

مرنا ہمیں قبول ہے ایسے جدائی سے — ماتم زدوں کا سید شامی سلام لو

ہم پھول کس کو دیکھے دعائیں گے سیدا — ہم مایوں کا سید شامی سلام لو

نہ ہوتے زن تو اپنے قدم چومتے ہوئے — ہم بے سروں کا سید شامی سلام لو

ہم جان و دل سے تجھ پہ فدا ہے ای سیدا — ہم مجرموں کا سید شامی سلام لو

اللہ یہ جدائی نہ دشمن کو کر نصیب — یہ باندیوں کا سید شامی سلام لو

قد تمت بالخیر

راقم الحروف محمد سراج الحق عفی اللہ عنہ

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com